بسم اللہ الرحمن الرحیم

# خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے اور اس کا طواف کرنے کی وجہ

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ سوال یہ ہے کہ مسلمان کہتے ہیں کہ بتوں کی پوجا کرنا کفر ہے تو ہم بھی کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے ہیں اور اس کے پھیرے کرتے ہیں ارد گرد گھومتے ہیں تو یہ کفر کیوں نہیں حالانکہ یہ بھی پتھر ہے۔

## جواب

سوال میں ذکر کردہ اعتراض در حقیقت مسلمانوں کی عبادت (طواف کرنا) کی حقیقت، اور قبلے کے تعین کی حیثیت کو نہ جاننے کی وجہ سے ہے۔ مشرکین پتھروں کو معبود سمجھتے ہیں، اور ان کو معبود سمجھ کر ان کی عبادت کرتے ہیں، جبکہ ایک مسلمان نہ تو کعبے کو معبود سمجھتا ہے اور نہ کعبے کو سجدہ کرتا ہے، اور نہ اس کی عبادت کرتا ہے، وہ ہمیشہ عبادت صرف اور صرف اللہ تعالی ہی کی کرتا ہے، اور اسی کو معبود برحق سمجھتا ہے، تاہم عبادت کیلئے کعبہ شریف کو ایک قبلے کی حیثیت سے اللہ تعالی ہی کی طرف سے متعین کیا گیا ہے، جس کی حکمت یہ ہے کہ تمام مسلمانوں کو ان کے زمان و مکان کے اختلاف کے باوجود ایک سمت کی طرف متوجہ کیا جائے، اگر نماز میں ایک خاص سمت مقرر نہ ہوتی، تو کوئی کسی طرف رخ کر کے کھڑا ہوجاتا، اور کوئی کسی طرف، یہ اختلاف ہوتا رہتا، اس خاص سمت کو مقرر کرنے نے اس اختلاف کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیا۔

مفتی شریف الحق امجدی رحمۃ اللہ تعالی علیہ (سالِ وفات: 1421ھ) سے سوال ہوا "غیر مسلم کا قول و فعل سے اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ ہم بھی مورتی کو سامنے رکھ کر ایک ذات کی پوجا کرتے ہیں، ایک واحد شکتی کو یاد کرتے ہیں جیسا کہ آپ لوگ خانہ کعبہ کی طرف رخ کر کے نماز پڑھتے ہیں گویا خانہ کعبہ کو سامنے رکھتے ہیں؟ مکمل جواب دیا جائے"

تو آپ علیہ الرحمۃ نے ارشاد فرمایا: "ہندوؤں کا اعتراض لغو ہے۔ ہندو مورتی کو معبود اعتقاد کر کے اس کی پوجا کرتے ہیں، مسلمان کعبہ کو معبود نہیں جانتا، نہ اس کی پرستش کرتا، معبود صرف اللہ عزوجل کو جانتا ہے۔ اسی کی عبادت کرتا ہے، چوں کہ اس نے کعبہ کی طرف منھ کر کے نماز کا حکم دیا ہے اس لیے کعبہ کی طرف منھ کر کے نماز پڑھتے ہیں۔" (فتاوی شارح بخاری، جلد 1، صفحہ: 272، مطبوعہ: برکات المدینۃ)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مفتی محمد حسان عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5100

تاریخ اجراء: 24ذوالحجۃ الحرام 1447ھ/10جون 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net